على الصحيحين

(3)

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

جلد 3

تصنیف

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نام کتاب ــــــــ المستدرک (جلد دوم)

تصنیف ــــــــ للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

مترجم ــــــــ الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن الندوي

پروف ریڈنگ ــــــــ مزمل ریاض انصاری

کمپوزنگ ــــــــ ورڈز میکر

باہتمام ــــــــ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ــــــــ دسمبر 2010ء

سرورق ــــــــ باھو گرافکس

طباعت ــــــــ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ــــــــ روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کردی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

ذِكْرُ اِبْرَاهِيمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَبَيْنَهُ وَبَيْنَ نُوحٍ هُوْدٌ وَّصَالِحٌ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا

4016۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَطَّةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْجَهْمِ التَّمِيمِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، حَدَّثَنِي شُرَيْحُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ، قَالَ: وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلٰى رَاْسِى، فَقَالَ: هٰذَا الْغُلَامُ يَعِيشُ قَرْنًا، قَالَ: فَعَاشَ مِائَةَ سَنَةٍ، قَالَ الْوَاقِدِيُّ: يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا، فَكَانَ بَيْنَ نُوحٍ وَآدَمَ عَشَرَةُ قُرُوْنٍ، وَبَيْنَهُ وَبَيْنَ اِبْرَاهِيمَ عَشَرَةُ قُرُوْنٍ، فَوُلِدَ اِبْرَاهِيمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ عَلٰى رَاْسِ اَلْفَى سَنَةٍ مِنْ خَلْقِ اٰدَمَ

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا ذکر

اوران کے اورنوح ،ھوداورصالح علیہم السلام کے درمیان وقفہ کا ذکر

✧✧ -حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ میرے سر پر رکھا اور فرمایا: یہ بچہ ایک سو سال تک جئے گا۔ چنانچہ آپ کی عمر ایک سو سال ہوئی۔ واقدی کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا (الفرقان:۳۸)

''اوران کے بیچ میں بہت سی سنگتیں''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اور حضرت نوح علیہ السلام اور آدم علیہ السلام کے درمیان دس صدیاں ہیں اور نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کے درمیان دس صدیاں ہیں چنانچہ آدم علیہ السلام کی تخلیق کے دو ہزار سال بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے۔

4017۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِى زُرْعَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَيَقُوْلُوْنَ: يَا اِبْرَاهِيمُ، اَنْتَ خَلِيلُ الرَّحْمٰنِ، قَدْ سَمِعَ بِخَلَّتِكَ اَهْلُ السَّمَاوَاتِ وَاَهْلُ الْاَرْضِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ -حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگ کہیں گے: اے ابراہیم! آپ اللہ کے خلیل ہیں، آپ کی خلت کا چرچا آسمانوں میں اور زمینوں میں ہے۔

✿✿ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

4018۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ،